31 اگست، 2017

عید الضحیٰ پر اسٹیٹ بینک کی جانب سے 168 ارب روپے کے نئے نوٹوں کا اجرا

عید الضحیٰ کے موقع پر نئے کرنسی نوٹوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) نے قابل ذکر انتظامات کیے، جن کا مقصد زیادہ سے زیادہ فریقوں بشمول عوام الناس کی ضروریات کو پورا کرنا تھا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے گذشتہ برس عید الضحیٰ پر 161 ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹوں کے اجرا کے مقابلے میں اس مرتبہ 168 ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے گئے۔ اس سلسلے میں کم مالیت کے نوٹوں (100 روپے تک) کا 8 ارب روپے جبکہ اس سے زائد مالیت کے 160 ارب روپے کے نوٹ جاری کیے گئے، جنہیں بھاری ادائیگیوں اور کمرشل بینکوں کے اے ٹی ایمز کی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ نئے نوٹوں کے زیادہ سے زیادہ اجرا کو یقینی بنانے کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کے تمام 16 فیلڈ دفاتر نے عید الضحیٰ سے قبل اپنے کاؤنٹروں سے عوام کو نئے کرنسی نوٹ فراہم کیے۔ اس کے ساتھ کمرشل بینکوں کو بھی اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز اور عوام کو فراہم کرنے کے لیے 7 ارب روپے کے کم مالیت کے نئے نوٹ جاری کیے۔

******